Nestlé Good food, Good life

Press Release

LAHORE, April 21, 2022

نیسلے پاکستان کا پہلی سہ ماہی کیلئے 37.8بلین روپے کی آمدن کا اعلان

لاہور: 21اپریل، 2022
نیسلے پاکستان نے بحالی کا اپنا سفر جاری رکھتے ہوئے رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کیلئے 37.8 بلین روپے کی آمدن کا اعلان کیا ہے جس میں گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 16.8فیصد اضافہ ہوا۔

مالی نتائج کا اعلان کمپنی کے ہیڈ آفس میں بورڈ اجلاس کے دوران کیا گیا۔

کورونا وبا سے متعلق پابندیوں میں نرمی اور معاشی سرگرمیوں کے معمول پر آنے سمیت پورٹ فولیو اور قیمتوں کے تعین کے نظام کے باعث کمپنی کی آمدن میں۔ اضافہ ہوا۔ موزوں پراڈکٹ مکس، فیکسڈ اخراجات پر سخت کنٹرول اور اوورہیڈز کے بہتر انتظام کی وجہ سے آپریٹنگ منافع میں اضافہ میں مدد ملی۔

کمپنی کا مزید کہنا ہے کہ اجناس اور توانائی کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ان پٹ لاگتوں میں خاطر خواہ اضافہ کا باعث بنا جبکہ کرنسی کی حالیہ گراو ٹ نے صورتحال کو مزید خراب کردیا۔ کمپنی صارفین کوغذائی، ہیلتھ اور صحت و تندرستی پرمبنی مصنوعات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے تمام ضروری اقدامات کررہی ہے۔کمپنی پائیدار ترقی کے بارے میں محتاط امید کا اظہار کرتی ہے۔

مزید معلومات کے: محمد راحت حسین، کارپوریٹ منیجر پبلک افیئر اینڈ میڈیاریلشنز
ای میل:muhammadrahathussain@pk.nestle.com